۶/۸۶

جدید نوترمیم

قواعد قانون اوزان و پیمانہ

نشان (۱) سنہ ۱۳۱۷ ف

منظورہ

عالیجناب نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی

از جریدۂ اعلامیہ نمبر ۱۶ جلد ۴۶ جزو اول مورخہ ۲۲ بہمن سنہ ۱۳۲۴ ف

حسب فرمائش محمد برہان الدین تاجر کتب بازار پتھر گٹی حیدرآباد

یکم آذر سنہ ۱۳۲۵ ف

مطبوعہ حسن پریس واقع حویلی قدیم

قیمت ۳/

قواعد اوزان و پیمانہ

بہ نفاذ اقتدارات مندرجۂ دفعہ (۱۵) قانون اوزان و پیمانہ سرکار عالی نشان بابتہ ۱۳۱۷ف وجملہ دیگر اقتدارات جو سرکار کو اس بارہ میں حاصل ہیں سرکار حسب ذیل قواعد جاری فرماتی ہیں

(۱) مہتمم دار الضرب ضلع حیدرآباد کے لئے اور تمام اول تعلقداران اضلاع اپنے اپنے ضلع کے لئے بلحاظ اپنے عہدوں کے وارڈن یعنے محافظ ہوں گے ۔

(۲) سرکار ایسے دوسرے اشخاص کو جنہیں مناسب خیال کریں بلحاظ اون کے نام یا عہدہ کے کسی خاص ضلع میں بجائے محافظان مذکورہ قاعدہ (۱) بذریعہ اعلان جریدۂ اعلامیہ محافظ مقرر کر سکتے ہیں ۔

(۳) مستند اوزان و پیمانوں کا ایک سٹ محافظین کے پاس رہیگا اور وہ اون اوزان اور پیمانوں کی تنقیح و تصحیح کریں گے جو حسب قانون استعمال طلب ہوں یا تصدیق کے لئے پیش کئے جائیں ۔

(۴) ہر محافظ ضلع کے پاس حسب نمونہ منسلکہ صداقت ناموں کا ایک رجسٹر رہے گا جس میں اون صداقت ناموں کی تفصیل درج رہے گی جو حسب قاعدہ (۱۰) وقتاً فوقتاً جاری کئے جائیں گے اور وہ اپنے ہر ماتحت انسپکٹر کو صداقت ناموں کی ایک سادہ کتاب دیں گے جس میں ہر صداقت نامہ کے دو پرت ہوں گے اور اون پر نشان سلسلہ درج ہوگا ۔

(۵) محافظوں کو ادائی فرائض میں مدد دینے کیلئے وقتاً فوقتاً سرکار انسپکٹروں کا تقرر فرمائیں گے ۔

(۶) ہر انسپکٹر کو جو اس طرح مقرر کیا جائے گا ایک پورا سٹ (ورکنگ اسٹنڈرڈ) اوزان و پیمانوں کا مع دو ہلکی ترازوؤں کے جو مناسب قسم کے ہوں گے دیا جائیگا اور اسکے ساتھ تختۂ استقام بھی عطا ہوگا جو ہر وزن پیمانہ طول و پیمانہ گنجایش کیلئے جانچ کیا گیا ہے اور نیز ایکیل ٹمپریچر ویریائشن (آلہ دریافت اختلاف حرارت و برودت موسم) دیا جائیگا جسکے

ذریعہ سے ضروری تنقیح و تصدیق کیجائیگی۔

(۷) اوزان کی تنقیح انسپکٹروں یا محافظوں کے معیاری اوزان کے ذریعہ سے کیجائیگی اگر انسپکٹر کو عند التنقیح کسی باٹ کی نسبت یہ معلوم ہو کہ وہ اون حدود سے خارج ہے جو قواعد ہذا کی رو سے قایم کیئے گئے ہیں تو اوس باٹ میں سوراخ کرکے ڈاٹ لگاویگا اور خالی جگہ کو سیسہ بھر کے برابر کردیگا اور پیچ کے جوڑ پر سوراخ کرکے ڈاٹ کا پیچ اس طرح کس دیا جائے گا کہ بغیر زد کے نہ پھر سکے اور اگر کوئی پھیرے تو صاف معلوم ہو جاوے کہ اس میں کسی نے تصرف کیا ہے

(۸) پیمانہا کی گنجایش کی تنقیح اس طور پر ہوگی کہ اون میں جوش کیئے ہوئے مقطر پانی کے ضروری مقدار کا وزن کیا جاوے اور پیمانہ ہائے طول کی تنقیح محافظوں یا انسپکٹروں کی معیاری پیمانوں سے کیجائے گی۔ اگر اس تنقیح میں یہ معلوم ہو کہ پیمانہ طول یا گنجایش مقدار معینہ قانونی سے چھوٹا ہے تو انسپکٹر بہ تعین مدت مالک کو اطلاع دیگا۔ کہ اندرون مدت معینہ اُس کی تنقیح کر دے۔ اگر مالک حسب اطمینان انسپکٹر مدت مقررہ کے اندر اوسکی تصحیح نہ کرے یا نہ کر سکے تو پیمانہ ضبط کرکے تلف کر دیا جائیگا۔

(۹) تمام ترازوؤں اور آلاتِ وزن کی تصدیق جو استعمال میں ہوں اون قواعد کی رو سے کیجانی چاہیئے۔ جب کسی شخص کو کسی ترازو یا آلہ وزن کی تصدیق کرانیکی ضرورت ہو تو وہ انسپکٹر کو اطلاع دیگا۔ اور انسپکٹر معیاری اوزان کی رو سے اُسے جانچیگا۔ ترازو اور میزان کا جبکہ وہ خالی ہو۔ نیز اوس وقت جب آدھا وزن ہو۔ اور پورا وزن ہو صحیح ہونا لازمی

(۱۰) کسی وزن پیمانہ میزان یا ترازو کی کامل تنقیح کے بعد اگر انسپکٹر کو اطمینان ہو جاوے کہ تنقیح شدہ وزن۔ پیمانہ۔ میزان یا ترازو رو سے قانون و پیمانہ سرکار عالی صحیح ہے تو وہ نمونہ صداقت نامہ کے دونوں پرت کی خانہ پری کرکے جو اُسے دیا گیا ہے۔ ہر دو اون پر اپنی دستخط کرکے محافظ کے پاس بھیجدیگا۔

(۱۱) اوس کے وصول ہونے پر محافظ دونوں پرتوں پر دستخط کرکے اون میں سے ایک وزن پیمانہ یا ترازو کے مالک کے نام جاری کرے گا اور کتاب صداقت نامجات انسپکٹر کے پاس واپس بھیجدے گا۔

(۱۲) مقامی اوزان و پیمانہ جات ترازوؤں اور آلات وزن کی تصدیق اور اسی تصدیق کی صداقت پر قواعد (۲ تا ۱۱) کا اطلاق ہوگا۔ لیکن شرط یہہ ہے کہ ایسی تصدیق کا دو سال میں ایک بار سے زائد ہونا لازمی نہ ہوگا ؛

(۱۳) اصلی معیار وزن ایک سیر کا وزن ہوگا جو (پلےٹی ٹو دو تم) سے بنایا جائیگا یہہ وزن صحت کے ساتھہ بنایا جائے گا اور بورڈ آف ٹریڈ (واقع لندن) اسکی تصدیق کی صحت کرے گا اور وہ خزانہ عامرہ کی تحویل میں رہیگا اور ریخچی اوزان کا ایک پورا مطلاٹ جو دار الضرب سرکار عالی کی تحویل میں رہے گا یہ اوزان جو معیاروں کے ثمنی کہلائیں گے مذکورہ بالا اصل معیاروں کے ٹھیک ذو اضعاف یا صحیح جزو ہوں گے۔ یہہ اوزان ریاست کے مقررہ وزن کے مستقل معیار ہوں گے اور دار الضرب کے اون مروجہ معیاروں کی تصدیق کے لئے استعمال کئے جائیں گے جو اوزان کا کامل سٹ ہوں گے اور اوس وقت مہتم دار الضرب کی تحویل میں موجود ہیں اور (بورڈ آف ٹریڈ) کے مصدقہ ہیں۔ اس قسم کی تصدیق صرف وارڈن بلدہ کریں گے یا اون کی ذاتی نگرانی میں عمل میں آئیگی ؛

(۱۴) ان معیاروں پر ہلال اور چو گوشہ ستارے کی علامت ہوگی اور اوس پر حرف (پی) ہوگا۔ جس سے معلوم ہوگا کہ یہہ اصلی معیار ہے ؛

(۱۵) ثمنی معیاروں کی علامت یہہ ہوگی کہ چو گوشہ ستارہ ہلال کے اندر ہوگا اور اوس پر حرف (ایس - S) ہوگا جس سے معلوم ہوگا کہ یہ اصلی معیاروں کے ثمنے ہیں۔

(۱۶) دار الضرب کے مروجہ معیاروں اور محافظوں کے معیاروں پر بھی ایک پنج گوشہ ستارہ مع ہلال ہوگا۔ اور اوس پر حرف ڈبلیو (W) ہوگا۔

(۱۷) انسپکٹروں کے مروجہ معیاروں پر ہلال اور اس میں پنج گوشہ ستارہ ہوگا۔ اور اوس پر حرف آئی (I) ہوگا ؛

(۱۸) اوزان تیار کردہ دار الضرب میں جو اسقام جائز رکھے گئے ہیں وہ گرینوں کی مقدار میں اوس مقدار سے زیادہ نہ ہونے چاہئے۔ جو مذکورہ ذیل قاعدہ سے ظاہر ہوتی ہے مقدار وزنی جانب ہوگی اور ہلکی جانب اوس کا ربع ہوگا ؛

Y وائی گرین ۔ ۵ لاک ۲۰۰ ـــــ X اکیس تولہ ۔

(۱۹) استقام کی زیادہ سے زیادہ مقدار جو تصدیق اوزان میں انسپکٹر جائز رکھ سکتے ہیں وہ معمولی بازاری استعمال کے اوزان میں دونوں طرف مقدار مذکورۂ بالا سے چوگنی ہوگی ۔ لیکن قیمتی دھاتوں میں اور جواہرات وغیرہ میں زیادہ سے زیادہ مقدار ستم مذکورۂ بالا مقدار سے دوگنی ہوگی

(۲۰) پیمانہ جات گنجائش تیار کردہ دارالضرب میں جو استقام جائز رکھے گئے ہیں ۔ اون کا اندازہ ذیل کے قاعدہ سے ہو سکتا ہے ؛

Y ۱۰ اگرین ۵ لاک $\frac{1}{2}$ ـــــ X تولہ ۔

(۲۱) زیادہ سے زیادہ مقدار سقم جو انسپکٹر اپنی تصدیق پیمانہ جات گنجائش میں جائز رکھ سکتے ہیں ۔ وہ مقدار متذکرۂ قاعدہ (۲۰) کے پنج گنی ہو سکتی ہے ۔

(۲۲) میزانوں میں کوئی ایسا سقم جائز نہ رکھا جائے گا ۔ کہ جو محسوس ہوتا ہو ۔

(۲۳) اوزان اور پیمانہ جات کے اشکال و مقادیر وہی ہوں گے جو موجودہ اوزان و پیمانہ جات زیر تحویل مہتمم دارالضرب و مصدقہ بورڈ آف ٹریڈ واقع لندن کے ہیں

(۲۴) ۱۰ تولہ سے ۵۰ تولہ تک کے باٹ الیومنیم کے بنائے جائیں گے اور زائد ازاں ۲ سے ۱۰۰ تولہ تانبے ۔ ٹین ۔ جست کے جس میں دو کے اجزاء کا خفیف میل ہوگا اور ۱۰۰ تولہ سے زاید (۳۲۰۰) تک تانبے کے میل کے جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہے ۔ یا لوہے کے بنائے جائیں گے ؛

(۲۵) ترازو کی ڈنڈی دھات کی ہونی چاہئیے اور اس کے (Knife edge) کانٹے اور ([illegible]) مدار یعنے وہ کیل جس پر ترازو کی ڈنڈی حرکت کرتی ہے ۔ کسی ایسی دھات کی ہونی چاہئیے جو ڈھلے ہوئے فولاد نرم تر ہو

(۲۶) سرکاری تصدیق کے بعد جو اوزان و پیمانہ جات فروخت کے لئے جاری کئے جائیں گے اون پر ہلال اور چوگوشہ ستارہ کی علامت ہوگی ۔

(۲۷) تمام ایسے اوزان و پیمانہ جات گنجائش و طول کی تنقیح و تصدیق منجانب

سرکار دو سال میں ایک مرتبہ ضرور کیجائے گی جن کو سرکار کسی سرکاری یا صفائی کے دفتر یا عہدہ داران مینی (جو ممالک محروسہ سرکار عالی میں تجارت کرتی ہے) یا اہل حرفت و پیشہ کے نام جاری کرے گی۔ یہ تنقیح بغیر کسی خرچ کے ہوگی۔ لیکن اگر کسی اصلاح کی ضرورت ہو تو اوس کے لئے حسب شرح ذیل اجرت دینی پڑے گی۔

ایک ماسہ سے چھٹانک کے اوزان کے لئے } ۴ رتی وزن۔

دس تولہ سے پانچ سیر تک کے اوزان کے لئے } ۸/ -

پانچ سیر سے ایک من اور اوس سے زاید کے اوزان کے لئے } ۱۲ -

(۲۸) ہر شخص کسی دوکان دار۔ یا فروشندہ کے اوزان و پیمانہ جات کی تصدیق کے لئے محافظ ضلع کو درخواست دے سکتا ہے اور محافظ انسپکٹر کو اون اوزان و پیمانہ جات کی تصدیق کے لئے حکم دے گا اور انسپکٹر حسبہ اون کی تصدیق کرے گا۔

(۲۹) جو شخص قاعدہ ماقبل کی رو سے اوزان یا پیمانہ جات کی تصدیق کے لئے درخواست دے اوس کو چاہیئے کہ اوزان یا پیمانہ جات کے لئے جن کی تصدیق چاہی جاتی ہے۔ فی وزن یا پیمانہ ۸/ کے حساب سے سرکار میں رقم داخل کرے۔ اگر وزن۔ یا پیمانہ زیر بحث اون حدود سے جن کی اجازت قانون نے دی ہے متجاوز پایا جاوے تو اوس صورت میں زرفیس استعمال کنندہ وزن سے وصول کیا جائیگا اور جو رقم درخواست کنندہ سے لی گئی ہے اوس کو واپس کر دیجائے گی۔

(۳۰) انسپکٹر جو قانون اوزان و پیمانہ کی رو سے مقرر ہوا ہو اوس کا فرض ہوگا کہ اوس کے علاقہ میں ناقص اوزان پیمانہ جات یا میزانیں پائی جائیں تو ذرا اون

اطلاع محافظ کو دے گا؛

ایسی اطلاع کے وصول ہونے پر محافظ ایسے احکام جاری کرے گا جو مناسب معلوم ہوں۔

بہ نفاذ اختیارات مندرجہ دفعہ (۵) قانون اوزان و پیمانہ جات عالیجناب نواب مدارالمہام بہادر سرکار عالی یہ حکم صادر فرماتے ہیں کہ اوزان و پیمانہ جات گنجائش و طول جو قانون مذکور کی رو سے استعمال کئے جائیں گے اون کے نام وزن و مقدار حسب تفصیل ذیل ہوں گے؛۔

اوزان

ایک ماشہ			(۱۵)	گرین۔
ایک تولہ ۔	۱۲ ماشہ	یا	(۱۸۰)	گرین۔
ایک چھٹانک	...		(۵)	تولہ۔
ایک سیر	...		(۱۶)	چھٹانک۔
ایک من	...		(۴۰)	سیر۔

پیمانہ جات گنجائش

ایک چھٹانک	(۵)	تولہ
ایک سیر	(۱۶)	چھٹانک۔

پیمانہ جات طول

۱۲ ۔ انچ	...	ایک فٹ۔
۳ ۔ فٹ	...	ایک گز۔

ضلع　　　صداقتنامہ　　　نشان

اس امر کی تصدیق کیجاتی ہے کہ اوزان و پیمانہ جات مفصلہ ذیل بتاریخ ــــــــ معائنہ کئے گئے اور اندر [illegible] حدود معینہ [illegible]

اوزان و پیمانہ جات سرکار عالی نشان (۱) صحیح پائے گئے ۔

فہرست اوزان	فہرست پیمانہ جات
دستخط انسپکٹر	دستخط محافظ

نام مالک اوزان مصدقہ ۔
پیشہ یا کاروبار مالک اوزان ۔
پتہ ۔
تاریخ ۔

رجسٹر صداقت نامجات (ملاحظہ ہو قاعدہ ۴
نشان سلسلہ ۱ نام مالک ۲
تفصیل اوزان و پیمانہ جات مصدقہ ۳ ۔
تاریخ تصدیق ۔
دستخط انسپکٹر تصدیق کنندہ ۔
کیفیت ۔

دستخط

٣٤٦